حمد

ورک شیٹ برائے سبق ۱

فاعل: کسی بھی کام کو کرنے والا فاعل کہلاتا ہے۔مثلاً راشد دوڑتا ہے، بچے شور مچا رہے ہیں، ان جملوں میں راشد اور بچے فاعل ہیں۔ فاعل کی علامت 'نے' ہے، جو فاعل کے فوراً بعد آتا ہے۔مثلاً استاد نے امتحان لیا، اس جملے میں استاد فاعل ہے اور علامت 'نے' استاد کے فوراً بعد ہے۔

مفعول: مفعول وہ ہوتا ہے جس پر کوئی کام کیا جائے۔مثلاً ردا نے کتاب پڑھی، بچوں نے کھیل کھیلا، ان جملوں میں کتاب اور کھیل مفعول ہیں۔مفعول کی علامت 'کو' زیادہ استعمال ہونے والی علامت ہے، اس کے علاوہ 'پر' بھی مفعول کی علامت ہے۔ یہ علامات مفعول کے فوراً بعد آتی ہیں۔مثلاً ماں نے بچے کو کھانا کھلایا، استاد نے میز پر کتاب رکھی۔ ان جملوں میں بچے اور میز مفعول ہیں اور علامت 'کو' بچے کے بعد اور علامت 'پر' میز کے بعد ہے۔

۱۔ دیئے گئے جملوں میں علامتِ فاعل 'نے' اور علامتِ مفعول 'کو' لگایئے۔

(ا) بانو ______ صبح اُٹھ کر نماز پڑھی۔

(ب) یاسر ______ تیراکی پسند ہے۔

(ج) راشد چھوٹی بہن ______ اسکول چھوڑنے گیا۔

(د) ردا ______ پھول چُن کر گل دستہ بنایا

(ہ) دادا جان ______ بچوں ______ دعائیں دیں۔

۲۔ تین جملے ایسے بنائیے میں 'نے' استعمال ہو:

الفاظ	جملے
نے	
نے	
نے	

OXFORD UNIVERSITY PRESS